بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴾ سورۃ القمر: 17

”اور البتہ یقیناً ہم نے بالکل آسان بنا دیا ہے اِس قرآن کو سمجھنے کے لیے، تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا؟“

تین رنگوں کی مدد سے پہلی بار گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مصباح القرآن

﴿ قَالَ الْمَلَاُ 09 ﴾

پروفیسر عبد الرحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN

بیت القرآن

لاہور - پاکستان

جملہ حقوق بحق بیت القرآن رجسٹرڈ محفوظ ہیں۔

نام کتاب	مصباح القرآن ﴿قَالَ الْمَلَأُ﴾ پارہ نمبر 09
مرتب	پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر
کمپوزنگ و ڈیزائننگ	محمد اکرم محمدی ، مدثر بن یوسف حجازی حافظ سعید عمران ، قاری مبشر رشید مجاہد
ایڈیشن دوم	اشاعت اول اپریل 2014
پبلشر	"بیت القرآن" پاکستان
ہدیہ	90 روپے

پبلشر نوٹ

1. ہر خاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ادارہ "بیت القرآن" اپنی مطبوعات پر منافع وصول نہیں کرتا بلکہ اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے جو کہ صرف کتاب کی پرنٹنگ، کاغذ اور بائنڈنگ کی لاگت ہے، البتہ تاجران کتب بیت القرآن کی ریٹ لسٹ کے مطابق ہدیہ وصول کر سکتے ہیں۔
2. "بیت القرآن" کی مطبوعات منظر عام پر آئیں تو بہت سے حضرات و خواتین نے اس منفرد کام کو سراہتے ہوئے اس کارِ خیر میں مالی تعاون کی پیشکش کی ہے تو اس حوالے سے عرض ہے کہ ادارے سے مالی تعاون کی بجائے اس کارِ خیر میں شرکت کی بہترین اور واحد صورت یہ ہے کہ آپ "بیت القرآن" کی مطبوعہ کتب خرید کر لوگوں میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

سرٹیفکیٹ تصحیح

الحمدللہ میں نے قرآن مجید کے اس پارے کے تمام متن کو حرفاً حرفاً بغور پڑھا ہے، میں پورے وثوق سے تصدیق کرتا ہوں کہ اب اس پارے کے متن میں کوئی کمی بیشی نہیں ہے، تاہم انسان غلطی سے مبرا نہیں ہوسکتا، اس لیے اگر آپ کو اس کلام مجید میں کوئی غلطی نظر آئے تو وہ سہواً ہوئی ہے، آپ ہمیں اطلاع دیں، ہم فوراً اُسے درست کریں گے۔ ان شاء اللہ العزیز۔

محمد مستمر خان
رجسٹرڈ پروف ریڈر حکومت پاکستان

برائے رابطہ ہیڈ آفس

بیت القرآن

پوسٹ بکس نمبر 150 ، جی پی او، لاہور، پاکستان۔
فون: 0092-42-111737111 ایکسٹینشن: 115
فیکس: 0092-42-111737111 ایکسٹینشن: 111
ویب سائٹ: www.bait-ul-quran.org
ای میل: Info@bait-ul-quran.org

سیل پوائنٹ اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

کتاب سرائے
فسٹ فلور، الحمد مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔
فون: 042-37320318 فیکس: 042-37239884

فضلی بک سپر مارکیٹ
نزد ریڈیو پاکستان، اُردو بازار، کراچی۔
فون: 021-32629724 فیکس: 021-32633887

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرفِ اوّل

قرآن مجید وحی الٰہی واحد نسخہ اور نمونہ ہے جو آج انسانیت کے پاس اسی زبان میں اور اسی متن کے ساتھ محفوظ ہے جو لوحِ محفوظ سے جبریل امینؑ کے ذریعے محمد رسولُ اللہ ﷺ کو عطا کیا گیا۔ یہ کتابِ ہدایت ہے جو صاحب تقویٰ لوگوں کے لئے تزکیۂ نفس، طمانیتِ قلب اور تطہیرِ دماغ کا فریضہ انجام دیتی ہے۔ قرآن مجید کا دعویٰ ہے کہ اسے آسان بنا کر پیش کیا گیا ہے تا کہ اس میں غور وفکر آسان ہو اور راہ عمل ہر ایک طالبِ ہدایت پر واضح ہو جائے۔

قرآن فہمی کے معلمِ اوّل تو خود محمد رسولُ اللہ ﷺ ہیں۔ مگر آپ کے درسِ قرآن کے فیض یافتگان نے پھر اس علمُ الوحی کو چہار دانگ عالم میں اس طرح پھیلا دیا کہ پہلی صدی ہجری کے اختتام تک قرآن مجید کے فہم و تدبر کے متعدد مراکز 65 لاکھ مربع میل کے ممالک اور خطوں کے باسیوں میں اپنی خدمات پیش کر رہے تھے۔ قرآنی علوم وفنون کا ایک ارتقائی سلسلہ ہے جو کہ گزشتہ چودہ صدیوں سے جاری ہے اور ان کی جوئے رواں دلوں اور دماغوں کی سرزمین کو سیراب کرتی ہوئی ایمان و عمل کے گل وگلزار کی شادابیاں پیش کر رہی ہے۔

پاکستان کی سرزمین بھی کتاب وسنت کی تعلیمات کے نفاذ کے لئے ایک عملی ماڈل کے طور پر حاصل کی گئی، مگر یہاں قرآن فہمی کے لئے وہ تگ و دو نہ ہو سکی جس کی عملاً ضرورت تھی، اس صورت حال کے پیش نظر یہاں ترجمہ قرآن اور قرآن فہمی کے مختلف مراکز قائم ہوئے، جن میں سے ایک مؤقر اور مؤثر ادارہ "بیت القرآن" بھی ہے۔ اس ادارے کے روحِ رواں محترم عبدالرحمٰن طاہر ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان اور سائنٹیفک انداز میں سکھانے اور پڑھانے کا ایک خصوصی ملکہ عطا فرمایا ہے، ان کی اس کوشش کے دو رنگ اور پیرائے ہمارے سامنے ہیں: ایک "مفتاح القرآن" کی شکل میں جب کہ دوسرا "مصباح القرآن" کے رنگ میں موجود ہے۔

فہم قرآن اور ترجمہ قرآن کے لحاظ سے ایک اسلوب مختلف الفاظ کو مختلف رنگوں کے حوالے سے پیش کر کے پھر انہیں رنگوں میں ان کے معانی اور مطالب کو بیان کرنے کا ہے۔ مصنف موصوف نے بڑی مہارت اور علمی چابک دستی سے ان رنگوں کا سائنٹیفک استعمال کیا ہے۔ مجھے ان کے اس تجزیے سے اتفاق ہے کہ قرآن مجید کے 65 فیصد الفاظ کو ہم اپنی روزمرّہ زبان اردو میں استعمال کرتے ہیں۔ 20 فیصد وہ الفاظ ہیں جو قرآن مجید میں بہت تکرار سے استعمال ہوئے ہیں، یوں صرف 15 فیصد الفاظ ایسے رہ جاتے ہیں، جن پر خصوصی غور وفکر اور تدبر کی ضرورت ہے۔

پروفیسر صاحب موصوف نے اپنے مفتاح والے منصوبے میں ان الفاظ کو بالترتیب مختلف رنگوں میں پیش کر کے ان کو سمجھنے میں آسانی کی راہ پیدا کی ہے۔

"مصباح القرآن" ترجمہ قرآن میں یقیناً ایک نئے اور مفید اسلوب سے آراستہ ہے یہ کوشش قرآنی مطالب کو عام کرنے اور ایک طالبِ قرآن کو اس کے معانی و مفہوم سے آشنا کرنے کی کامیاب کوشش ہے۔ مصباح میں ترجمہ قرآن کا جو اسلوب اختیار کیا گیا ہے، اس میں روزمرّہ زندگی میں اردو زبان میں استعمال ہونے والے 65 فیصد الفاظ کو سیاہ رنگ میں پیش کیا گیا ہے، تکرار کے ساتھ استعمال ہونے والے 20 فیصد الفاظ کو نیلا اور 15 فیصد دوسرے اہم الفاظ کو سرخ رنگ میں پیش کر کے ان کے فہم کے الگ الگ دائرے متعیّن کر دیئے ہیں تاکہ ایک استاد یا طالبِ قرآن اِن کی مدد سے ان کا خصوصی فہم حاصل کر لے، یوں اس صفحے کے مقابل صفحہ پر پھر انہی تین رنگوں میں تقسیم الفاظ قرآن کے معانی کو بھی "مفتاح" کے اصولوں کے مطابق انہی رنگوں میں قواعد کی تقسیم اور جوڑ توڑ کے پیرائے میں یوں درج کیا گیا ہے کہ کسی آیت شریفہ کا کوئی لفظ یا اِن لفظوں کے مزید کسی گرامر میں منقسم حصے کی تعیین، تشریح اور تفہیم بہت واضح، آسان، عام فہم اور دلچسپ ہوگئی ہے۔ میرے نزدیک انسانی ذہن کو گرامر کی گراں بار اصطلاحات میں الجھانے اور ان کی تعلیم کے ادق اور پیچیدہ اسلوب کی بجائے یہ ایک آسان اور سلیس طریق ہے جسے انسانی نفسیات کے مطلوبہ اسلوب کے مطابق پیش کر دیا گیا ہے۔

میں برادرِ عزیز پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر صاحب کی اس قرآنی کاوش کو ایک مفید اور انقلابی کوشش سمجھتا ہوں مجھے یقین ہے کہ "مصباح القرآن" کے اس نظام اور پروگرام کے ذریعے اردو خواں دنیا میں فہمِ قرآن کی ایک ایسی تحریک پیدا ہوگی جو عامتہ المسلمین میں عمل و تقویٰ اور صلاح و فلاح کا ایک نیا زاویہ فکر پیدا کرے گی۔ اہل خیر سے توقع ہے کہ وہ اس علمی اور قرآنی اسلوب کی سرپرستی اور تعاون میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے اور دین و دنیا کے حسنات کو حاصل کریں گے، اللہ تعالیٰ اس کاوش کی حفاظت فرمائے اور اس کی قبولیت اور افادیت کی راہیں ہموار فرمائے۔ آمین!

پروفیسر عبدالجبار شاکر

ڈائریکٹر: بیت الحکمت، لاہور، پاکستان

ڈپٹی ڈائریکٹر: الدعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عرض مرتب

جنوری 1998ء کی بات ہے کہ "قرآن انسٹی ٹیوٹ سوسائٹی" کے زیر اہتمام گلبرگ لاہور میں مجھے قرآن فہمی کی کلاس لینے کا موقع ملا اور وہاں عربی گرامر پڑھانے کی ذمہ داری تفویض کی گئی، پڑھنے والوں میں ڈاکٹرز، انجینئرز، وکلاء، سرکاری محکموں کے آفیسرز، مختلف دفاتر میں کام کرنے والے اور طلبہ شامل تھے، ان میں عمر رسیدہ اصحاب بھی تھے اور نوجوان بھی، میری کوشش ہوتی کہ گرامر کو اس کی پیچیدگیوں سے دور کر کے آسان اور دلچسپ بنا کر پیش کیا جائے، اس کے باوجود لوگ کچھ عرصہ تو باقاعدگی سے حاضر رہتے، لیکن جب مشکل قواعد کا سلسلہ شروع ہو جاتا تو ایک ایک کر کے کم ہونے لگتے، ادھر میری خواہش یہ ہوتی کہ جو شخص قرآن فہمی کیلئے میری کلاس میں آیا ہے وہ کورس مکمل کر کے ہی جائے۔ اس احساس نے مجھے مسلسل غور و فکر کرنے پر مجبور کئے رکھا کہ قرآن فہمی کا ایسا طریقہ اختیار کیا جائے کہ لوگ آخر تک کلاس میں دلچسپی سے شریک رہیں۔

آخر کار اللہ کے فضل و کرم سے مئی 1999ء میں میں نے گرامر کے ساتھ علامتوں کی مدد سے ترجمۂ قرآن پڑھانے کا ایک سلسلہ شروع کیا، میں وائٹ بورڈ پر قرآنی آیات تحریر کر کے اس کے الفاظ میں موجود گرامر کی علامتوں کی وضاحت کرتا اور الفاظ کو جوڑ توڑ کے ذریعے خوب واضح کر دیتا کہ قرآن کے الفاظ تین اقسام پر مشتمل ہیں۔ اکثر الفاظ ہم روزمرہ زندگی میں استعمال کرتے ہیں، اور کچھ الفاظ بار بار استعمال ہونے کی وجہ سے یاد ہو جاتے ہیں اور بہت کم الفاظ ہیں جو نئے ہیں اور انہیں یاد کرنے کی ضرورت ہے اور اس کے بعد ان تینوں قسموں کے الفاظ کی شناخت کراتا، الحمد للہ اس طریقۂ تدریس میں طلبہ نے خوب دلچسپی کا اظہار کیا۔

2001ء کے وسط میں انہی طلبہ میں سے ایک صاحب خیر طالب علم نے مجھے یہ مشورہ دیا کہ آپ جس طریقے سے ہمیں ترجمۂ قرآن پڑھاتے ہیں، اسے کتابی شکل میں پیش کیا جائے تاکہ وہ عام لوگ بھی اس سے مستفید ہو سکیں جو آپ کی کلاس میں حاضر نہیں ہو سکتے، یا دوسرے شہروں میں رہتے ہیں۔ انہوں نے اظہار

کیا کہ اس مقصد کیلئے میں ہر قسم کے تعاون کیلئے تیار ہوں ، چنانچہ میرے اظہار آمادگی پر انہوں نے فوراً ایک کمپیوٹر اور ایک پرنٹر مہیا کر دیا، اس کیلئے ایک کمپوزر کی خدمات بھی حاصل کر لیں اور اپنے آفس میں ایک کمرہ اس کام کیلئے مخصوص کر دیا ، اسی دوران قرآن حکیم کی اشاعت اور خدمت کی غرض سے "بیت القرآن" کی داغ بیل ڈال دی گئی۔

میں نے کام کا باقاعدہ آغاز کر دیا، اس سلسلے میں سب سے پہلے گرامر کی علامتوں کے گروپ بنا کر 36 اسباق پر مشتمل ایک کتاب ترتیب دی جو "مفتاح القرآن" کے نام سے چھپ کر منظرِ عام پر آچکی ہے، اس کے علاوہ ایک ایسا ترجمۂ قرآن ترتیب دینا بھی شروع کیا جس میں اِن علامات کا عملی انطباق موجود ہو۔

الحمدللہ اس سلسلے کے نویں پارے کا یہ پہلا ایڈیشن ہے جو آپ حضرات کے ہاتھوں میں ہے اسکی پروف ریڈنگ کے تقریباً آٹھ مراحل طے کئے گئے ہیں، ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ اس میں کوئی غلطی نہ رہنے پائے، تاہم انسان غلطیوں سے مبرا ہونے کا دعویٰ نہیں کر سکتا کیونکہ کوتاہیوں سے مبرا ذات تو اللہ تعالیٰ ہی کی ہے۔

آئندہ صفحہ پر اس ترجمۂ قرآن "مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ بتا دیا گیا ہے، اگر اس طریقے کو پیشِ نظر رکھ کر استفادہ کیا جائے تو ان شاء اللہ نتائج حوصلہ افزا نکلیں گے۔

آخر میں استفادہ کرنے والے تمام احباب سے درخواست ہے کہ وہ میرے، میرے والدین، میرے اساتذہ، اہلِ خانہ اور اس کارِ خیر میں تعاون کرنے والے تمام لوگوں کے لیے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ سب کو اجر و مغفرت سے نوازے۔ آمین یارب العالمین !

عبدالرحمٰن طاہر

فاضل اسلامیہ یونیورسٹی مدینہ منورہ

مبعوث: وزارة الشؤون الإسلامية والأوقاف والدّعوة والإرشاد، السعودية

استاد: انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ پنجاب یونیورسٹی قائداعظم کیمپس لاہور، پاکستان

"مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر "مصباح القرآن" میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1 ایک صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم ان الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم وبیش 65 فیصد ہیں۔ ان الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ان کے اردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کردی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور اردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث بار بار سُن کر یاد ہو جاتے ہیں انکے متعلق بہت فکرمندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور انہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ ان میں سے اکثر الفاظ بنیادی طور پر علامتیں ہیں جو کہ آپ "مفتاح القرآن" میں پڑھ چکے ہیں۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو ہمارے لئے بالکل نئے ہیں، انہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور انکو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ اس صفحہ کے قرآنی الفاظ کا ترجمہ لفظی اور بامحاورہ ملا جلا کیا گیا ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں انہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر صرف سرخ الفاظ یاد کر لئے جائیں، سیاہ الفاظ کے اردو میں استعمال پر غور کر لیا جائے اور نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہونے سے خود بخود یاد ہو جاتے ہیں، تو قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جاتا ہے۔

2 سامنے والے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو دوبارہ الگ الگ (Break up) کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کردی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات "مفتاح القرآن" میں بیان کی جا چکی ہیں، اگر "مصباح القرآن" کے مطالعہ سے قبل ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جا سکتی ہے۔

قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ	کہا (اُن) سرداروں نے جنھوں نے
اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ	تکبر کیا اُس کی قوم میں سے
لَنُخْرِجَنَّكَ يٰشُعَيْبُ	ضرور بالضرور ہم نکال دیں گے تجھے اے شعیب!
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَكَ	اور اُن لوگوں کو جو ایمان لائے تیرے ساتھ
مِنْ قَرْيَتِنَآ	اپنی بستی میں سے
اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ؕ	یا ضرور بالضرور تم لوٹ آ ؤ گے ہمارے دین میں
قَالَ اَوَلَوْ كُنَّا كٰرِهِيْنَ ﴿88﴾ قف	اُس نے کہا اور کیا اگرچہ ہم ہوں ناپسند کرنیوالے۔ ﴿88﴾
قَدِ افْتَرَيْنَا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا	یقیناً ہم نے باندھا اللہ پر جھوٹ
اِنْ عُدْنَا فِيْ مِلَّتِكُمْ بَعْدَ	اگر ہم لوٹ آئیں تمہارے دین میں (اسکے) بعد (کہ)
اِذْ نَجّٰىنَا اللّٰهُ مِنْهَا ؕ	جب اللہ نے نجات دے دی ہمیں اُس سے
وَمَا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّعُوْدَ	اور نہیں ہے مناسب ہمارے لیے کہ ہم لوٹ آئیں
فِيْهَآ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّنَا ؕ	اس میں مگر یہ کہ اللہ چاہے (جو) ہمارا رب ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
- اسْتَكْبَرُوْا : کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔
- مِنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
- لَنُخْرِجَنَّكَ : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
- اٰمَنُوْا : امن، ایمان، مومن۔
- مَعَكَ : مع اہل وعیال، معیت، مع دوست احباب۔
- قَرْيَتِنَآ : قریہ قریہ بستی بستی، ام القریٰ۔
- لَتَعُوْدُنَّ : اعادہ، عود کر آنا۔
- مِلَّتِنَا : ملت ابراہیم، ملت اسلامیہ۔
- كٰرِهِيْنَ : کراہت، مکروہ، مکروہات۔
- افْتَرَيْنَا : افتریٰ پردازی، مفتری۔
- عَلَى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
- كَذِبًا : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔
- نَجّٰىنَا : نجات، فرقہ ناجیہ، نجات دہندہ۔
- اِلَّآ : اِلا ماشاءاللہ، اِلا قلیل، اِلا یہ کہ۔
- يَّشَآءَ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔

60 اَرْبَعُ

قَالَ	الْمَلَاُ ①	الَّذِيْنَ	اسْتَكْبَرُوْا	مِنْ قَوْمِهٖ
کہا	اُن سرداروں نے	جن	سب نے تکبر کیا	اسکی قوم میں سے

لَنُخْرِجَنَّكَ ②	يٰشُعَيْبُ	وَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
ضرور بالضرور ہم نکال دیں گے تجھے	اے شعیب!	اور	(اُن لوگوں کو) جو	سب ایمان لائے

مَعَكَ	مِنْ قَرْيَتِنَآ	اَوْ	لَتَعُوْدُنَّ ②	فِيْ مِلَّتِنَا ؕ
تیرے ساتھ	اپنی بستی میں سے	یا	ضرور بالضرور تم واپس آ ؤ گے	ہمارے دین میں

قَالَ	اَوَ ③	لَوْ	كُنَّا	كٰرِهِيْنَ ④ ۝88 قف	قَدِ ⑤	افْتَرَيْنَا
اُس نے کہا	اور کیا	اگرچہ	ہم ہوں	سب ناپسند کرنے والے	یقیناً	ہم نے باندھا

عَلَى اللّٰهِ	كَذِبًا	اِنْ	عُدْنَا	فِيْ مِلَّتِكُمْ	بَعْدَ
اللہ پر	جھوٹ	اگر	ہم لوٹ آئیں	تمہارے دین میں	(اسکے) بعد (کہ)

اِذْ	نَجّٰىنَا	اللّٰهُ ①	مِنْهَا ؕ	وَمَا	يَكُوْنُ	لَنَآ
جب	نجات دے دی ہمیں	اللہ نے	اس سے	اور نہیں	ہے (مناسب)	ہمارے لیے

اَنْ	نَّعُوْدَ	فِيْهَآ	اِلَّآ	اَنْ	يَّشَآءَ اللّٰهُ ①⑥	رَبُّنَا ؕ
کہ	ہم لوٹ آئیں	اس میں	مگر	یہ کہ	اللہ چاہے	(جو) ہمارا رب ہے

ضروری وضاحت

① فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔② فعل کے شروع علامت لَ اور آخر میں علامت نَّ میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے، اس لیے ترجمہ ضرور بالضرور کیا گیا ہے۔③ علامت أ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔④ فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔⑤ علامت قَدْ فعل کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔⑥ یہاں علامت یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ؕ	احاطہ کر رکھا ہے ہمارے رب نے ہر چیز کا علم سے
عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ؕ	اللہ پر ہم نے بھروسہ کیا
رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا	اے ہمارے رب! فیصلہ فرما ہمارے درمیان
وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ	اور ہماری قوم کے درمیان حق کے ساتھ
وَاَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ﴿89﴾	اور تو سب سے بہتر ہے تمام فیصلہ کرنیوالوں میں۔ ﴿89﴾
وَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	اور کہا (اُن) سرداروں نے جنھوں نے کفر کیا
مِنْ قَوْمِهٖ لَئِنِ اتَّبَعْتُمْ شُعَيْبًا	اسکی قوم میں سے البتہ اگر تم نے پیروی کی شعیب کی
اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿90﴾	بیشک تم اس وقت یقیناً نقصان اُٹھانیوالے ہوگے۔ ﴿90﴾
فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا	تو پکڑ لیا اُن کو زلزلے نے پھر ہو گئے (صبح کو)
فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿91﴾ ۚۖ	اپنے گھر میں اوندھے پڑے ہوئے۔ ﴿91﴾
الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا	جنھوں نے جھٹلایا شعیب کو
كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ۛ	(وہ ایسے ہوگئے) گویا کہ وہ بسے ہی نہ تھے اس میں

ربع 4

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَسِعَ	وسعت، توسیع، وسیع وعریض۔	خَيْرُ	خیر، خیریت، خیرخواہی۔
كُلَّ	کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔	كَفَرُوْا	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
شَيْءٍ	شے، اشیاء، اشیائے خورد ونوش۔	اتَّبَعْتُمْ	اتباع، تابع، متبع سنت۔
عِلْمًا	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔	لَّخٰسِرُوْنَ	خسارہ، خائب وخاسر۔
تَوَكَّلْنَا	توکل، متوکل علی اللّٰہ۔	فَاَخَذَتْهُمُ	اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
افْتَحْ	افتتاح، فتح، فاتح، مفتوح۔	دَارِهِمْ	دارِارقم، دارِفانی، دارُالکتب، دیارِغیر۔
بَيْنَنَا	بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔	كَذَّبُوْا	کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔
قَوْمِنَا	قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔	فِيْهَا	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔

وَسِعَ	رَبُّنَا ①	كُلَّ شَيْءٍ	عِلْمًا ؕ	عَلَى اللّٰهِ	تَوَكَّلْنَا ؕ ②
احاطہ کر رکھا ہے	ہمارے رب نے	ہر چیز کا	(اپنے) علم سے	اللہ پر	ہم نے بھروسا کیا

رَبَّنَا	افْتَحْ ③	بَيْنَنَا	وَ	بَيْنَ قَوْمِنَا	بِالْحَقِّ
اے ہمارے رب!	فیصلہ فرما	ہمارے درمیان	اور	ہماری قوم کے درمیان	حق کے ساتھ

وَاَنْتَ	خَيْرُ	الْفٰتِحِيْنَ (89)	وَ	قَالَ	الْمَلَاُ ①	الَّذِيْنَ
اور تو	بہتر ہے	تمام فیصلہ کرنیوالوں سے	اور	کہا	سرداروں نے	جن

كَفَرُوْا	مِنْ قَوْمِهٖ	لَئِنِ ④	اتَّبَعْتُمْ	شُعَيْبًا
سب نے کفر کیا	اسکی قوم میں سے	البتہ اگر	تم نے پیروی کی	شعیب کی

اِنَّكُمْ	اِذًا ⑤	لَّخٰسِرُوْنَ (90)	فَاَخَذَتْهُمُ ⑥	الرَّجْفَةُ ⑦
بیشک تم	اس وقت	یقیناً سب نقصان اُٹھانیوالے ہوگے	تو پکڑ لیا اُن کو	زلزلے نے

فَاَصْبَحُوْا	فِيْ دَارِهِمْ	جٰثِمِيْنَ (91) ۖ	الَّذِيْنَ
پھر وہ سب ہو گئے (صبح کو)	اپنے گھر میں	سب اوندھے پڑے ہوئے	جن

مع 4

كَذَّبُوْا	شُعَيْبًا	كَاَنْ	لَّمْ يَغْنَوْا	فِيْهَا ۛ
سب نے جھٹلایا	شعیب کو	(وہ ایسے ہوگئے) گویا کہ	وہ بسے ہی نہ تھے	اس میں

ضروری وضاحت

① فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔② نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے اگر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔③ فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں سکون ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔④ لَئِنْ دراصل لَ + اِنْ کا مجموعہ ہے۔⑤ اِذًا کا ترجمہ کبھی تب یا اس وقت اور اِذَا کا ترجمہ جب ہوتا ہے۔⑥ تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑦ ۃ مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

اَلَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا	جنہوں نے جھٹلایا شعیب کو
كَانُوْا هُمُ الْخٰسِرِيْنَ ﴿92﴾	وہی خسارہ پانے والے تھے۔ ﴿92﴾
فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ	پھر منہ پھیرلیا اُن سے (شعیب نے) اور کہا
يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ	اے میری قوم! البتہ تحقیق میں نے پہنچا دیے تمہیں
رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ ۚ	اپنے رب کے پیغامات اور میں نے خیر خواہی کی تمہاری
فَكَيْفَ اٰسٰى عَلٰى قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿93﴾ ع	تو کیسے میں غم کروں کافر قوم پر۔ ﴿93﴾ ع
وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّبِيٍّ	اور نہیں ہم نے بھیجا کسی بستی میں کوئی نبی
اِلَّآ اَخَذْنَآ اَهْلَهَا	مگر (یہ کہ) ہم نے پکڑا اُس کے رہنے والوں کو
بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ	تنگی کے ساتھ اور تکلیف (کے ساتھ)
لَعَلَّهُمْ يَضَّرَّعُوْنَ ﴿94﴾	تا کہ وہ گڑگڑائیں۔ ﴿94﴾
ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ السَّيِّئَةِ الْحَسَنَةَ	پھر ہم نے بدل دی بدحالی کی جگہ خوشحالی
حَتّٰى عَفَوْا وَّقَالُوْا	یہاں تک کہ وہ بڑھ گئے، اور انہوں نے کہا

ع 11 9 1

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَذَّبُوْا : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔	قَرْيَةٍ : قریہ قریہ بستی بستی، ام القریٰ۔
الْخٰسِرِيْنَ : خسارہ، خائب وخاسر۔	اَخَذْنَآ : اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
يٰقَوْمِ : یاالٰہی، یااللہ/قوم، قومیت، اقوام عالم۔	اَهْلَهَا : اہل وعیال، اہل خانہ، اہلِ بیت۔
اَبْلَغْتُكُمْ : ذرائع ابلاغ، تبلیغ۔	الضَّرَّآءِ : مضر صحت، ضرر رساں۔
رِسٰلٰتِ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	بَدَّلْنَا : نعم البدل، متبادل، تبدیلی، تبادلہ۔
نَصَحْتُ : وعظ ونصیحت، پند ونصائح، نصیحت آموز۔	مَكَانَ : کون ومکان، مکانات، مکین۔
فَكَيْفَ : کیفیت، بہرکیف، کوائف۔	السَّيِّئَةِ : علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔
عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	حَتّٰى : حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔

اَلَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	شُعَيْبًا	كَانُوْا	هُمُ الْخٰسِرِيْنَ ① ﴿92﴾
جن	سب نے جھٹلایا	شعیب کو	وہ سب تھے	ہی سب خسارہ پانے والے

فَتَوَلّٰى ②	عَنْهُمْ	وَ	قَالَ	يٰقَوْمِ ③	لَقَدْ
پھر منہ پھیرلیا	اُن سے (شعیب نے)	اور	کہا	اے میری قوم!	البتہ تحقیق

اَبْلَغْتُكُمْ	رِسٰلٰتِ ④	رَبِّيْ	وَ نَصَحْتُ	لَكُمْ ج
میں نے پہنچادیے تمہیں	پیغامات	اپنے رب کے	اور میں نے خیرخواہی کی	تمہارے لیے

ع 11 9 1

فَكَيْفَ	اٰسٰى	عَلٰى قَوْمٍ	كٰفِرِيْنَ ع ﴿93﴾	وَ مَآ ⑤	اَرْسَلْنَا
تو کیسے	میں غم کروں	(ایسی) قوم پر	(جو) سب کافر ہیں	اور نہیں	ہم نے بھیجا

فِيْ قَرْيَةٍ ④⑥	مِّنْ نَّبِيٍّ ⑥⑦	اِلَّآ	اَخَذْنَآ	اَهْلَهَا	بِالْبَاْسَآءِ
کسی بستی میں	کوئی نبی	مگر (یہ کہ)	ہم نے پکڑا	اُسکے رہنے والوں کو	تنگی کے ساتھ

وَ	الضَّرَّآءِ	لَعَلَّهُمْ يَضَّرَّعُوْنَ ⑧ ﴿94﴾	ثُمَّ	بَدَّلْنَا
اور	تکلیف (کے ساتھ)	تاکہ وہ سب گڑگڑائیں	پھر	ہم نے بدل دی

مَكَانَ السَّيِّئَةِ ④	الْحَسَنَةَ ④	حَتّٰى	عَفَوْا	وَّ	قَالُوْا
بدحالی کی جگہ	خوشحالی	یہاں تک کہ	وہ سب بڑھ گئے	اور	ان سب نے کہا

ضروری وضاحت

①هُمُ کے بعد اَلْ ہوتو ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔②علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔③يٰقَوْمِ اصل میں يٰقَوْمِيْ تھا آخر سے یٔ تخفیف کے لیے گری ہوئی ہے۔④ات اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤مَا کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہوتو اس مَا کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔⑥ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کسی یا کوئی کیا گیا ہے۔⑦یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑧هُمْ اور یَ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔

قَدۡ مَسَّ اٰبَآءَنَا الضَّرَّآءُ	یقیناً پہنچی تھی ہمارے آباء واجداد کو (بھی) تکلیف
وَالسَّرَّآءُ فَاَخَذۡنٰهُمۡ بَغۡتَةً	اور خوشی تو ہم نے پکڑ لیا اُنہیں اچانک
وَّهُمۡ لَا يَشۡعُرُوۡنَ ﴿95﴾	اس حال میں کہ وہ شعور نہیں رکھتے تھے۔ ﴿95﴾
وَلَوۡ اَنَّ اَهۡلَ الۡقُرٰٓى اٰمَنُوۡا	اور اگر واقعی بستیوں والے ایمان لے آتے
وَاتَّقَوۡا لَفَتَحۡنَا عَلَيۡهِمۡ	اور تقویٰ اختیار کرتے (تو) ضرور ہم کھول دیتے اُن پر
بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالۡاَرۡضِ	برکتیں آسمان سے اور زمین سے
وَلٰكِنۡ كَذَّبُوۡا فَاَخَذۡنٰهُمۡ	اور لیکن اُنہوں نے جھٹلایا تو ہم نے پکڑ لیا اُنہیں
بِمَا كَانُوۡا يَكۡسِبُوۡنَ ﴿96﴾	اس وجہ سے جو تھے وہ کمایا کرتے۔ ﴿96﴾
اَفَاَمِنَ اَهۡلُ الۡقُرٰٓى	تو کیا نڈر ہو گئے ہیں بستیوں والے (اس سے)
اَنۡ يَّاۡتِيَهُمۡ بَاۡسُنَا بَيَاتًا	کہ آجائے اُن کے پاس ہمارا عذاب رات کو
وَّهُمۡ نَآئِمُوۡنَ ﴿97﴾	اس حال میں کہ وہ سوئے ہوئے ہوں۔ ﴿97﴾
اَوَاَمِنَ اَهۡلُ الۡقُرٰٓى	تو کیا نڈر ہو گئے ہیں بستیوں والے (اس سے)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَسَّ	مس، مساس۔	الۡقُرٰٓى	قریہ قریہ بستی بستی، ام القریٰ۔
اٰبَآءَنَا	آباؤ اجداد، آبائی علاقہ۔	اٰمَنُوۡا، فَاَمِنَ	امن، ایمان، مؤمن۔
الضَّرَّآءُ	مضرِ صحت، ضرر رساں۔	اتَّقَوۡا	تقویٰ، متقی۔
السَّرَّآءُ	سرور، مسرور۔	لَفَتَحۡنَا	افتتاح، فتح، فاتح، مفتوح۔
فَاَخَذۡنٰهُمۡ	اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔	الۡاَرۡضِ	ارض وسماء، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔
لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	كَذَّبُوۡا	کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔
يَشۡعُرُوۡنَ	عقل وشعور، لاشعور، شعوری طور پر۔	بِمَا	ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔
اَهۡلَ	اہل وعیال، اہل خانہ، اہلِ بیت۔	يَكۡسِبُوۡنَ	کسبِ حلال، وہبی وکسبی، اکتسابِ فیض۔

قَدْ	مَسَّ	اٰبَآءَنَا ①	الضَّرَّآءُ	وَالسَّرَّآءُ ②	فَاَخَذْنٰهُمْ ③
یقیناً	پہنچی	ہمارے آباؤاجداد کو	تکلیف	اور خوشی	تو ہم نے پکڑ لیا اُنہیں

بَغْتَةً ④	وَّهُمْ	لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿95﴾	وَلَوْ	اَنَّ	اَهْلَ الْقُرٰٓى
اچانک	اس حال میں کہ وہ	نہیں وہ سب شعور رکھتے تھے	اور اگر	واقعی	بستیوں والے

اٰمَنُوْا	وَ	اتَّقَوْا	لَفَتَحْنَا	عَلَيْهِمْ
سب ایمان لے آتے	اور	سب تقویٰ اختیار کرتے	(تو) ضرور ہم کھول دیتے	اُن پر

بَرَكٰتٍ ④	مِّنَ السَّمَآءِ	وَالْاَرْضِ	وَلٰكِنْ	كَذَّبُوْا
برکتیں	آسمان سے	اور زمین (سے)	اور لیکن	ان سب نے جھٹلایا

فَاَخَذْنٰهُمْ ③	بِمَا	كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ⑤ ﴿96﴾	اَفَاَمِنَ ⑥
تو ہم نے پکڑ لیا اُنہیں	اس وجہ سے جو	تھے وہ سب کمایا کرتے	کیا پھر نڈر ہو گئے ہیں

اَهْلُ الْقُرٰٓى	اَنْ	يَّاْتِيَهُمْ ⑦	بَاْسُنَا ①	بَيَاتًا
بستیوں والے	(اس سے) کہ	آجائے اُن کے پاس	ہمارا عذاب	رات کو

وَّهُمْ	نَآئِمُوْنَ ﴿97﴾	اَوَ ⑥	اَمِنَ	اَهْلُ الْقُرٰٓى
اس حال میں کہ وہ	سب سوئے ہوئے ہوں	اور کیا	نڈر ہو گئے ہیں	بستیوں والے (اس سے)

ضروری وضاحت

①نا اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا، ہماری، ہمارے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔②اسم کے آخر میں آء واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③فعل کے آخر میں نا سے پہلے اگر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔④ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤ یہاں علامت وْا اور وْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ⑥ جب بھی أ کے بعد وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ یہاں علامت یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا ضُحًى	کہ آجائے اُن کے پاس ہمارا عذاب دن چڑھے
وَّهُمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿98﴾	اس حال میں کہ وہ کھیل رہے ہوں۔ ﴿98﴾
اَفَاَمِنُوْا مَكْرَ اللّٰهِ ۚ	تو کیا وہ نڈر ہو گئے ہیں اللہ کی تدبیر سے
فَلَا يَاْمَنُ مَكْرَ اللّٰهِ	تو نہیں نڈر ہوتے اللہ کی تدبیر سے
اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ ع ﴿99﴾	مگر خسارہ پانے والے لوگ۔ ع ﴿99﴾
اَوَلَمْ يَهْدِ لِلَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ	اور کیا نہیں رہنمائی کی اُن لوگوں کی جو وارث بنتے ہیں
الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِ اَهْلِهَآ	زمین کے اُس کے رہنے والوں (کی ہلاکت) کے بعد
اَنْ لَّوْ نَشَآءُ	(اس بات نے) کہ اگر ہم چاہیں (تو)
اَصَبْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ ۚ	ہم سزا دیں اُنہیں اُن کے گناہوں کی،
وَنَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ	اور ہم مہر لگا دیں اُن کے دلوں پر
فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿100﴾	تو وہ (کچھ) نہ سنیں۔ ﴿100﴾
تِلْكَ الْقُرٰى نَقُصُّ عَلَيْكَ	یہ بستیاں ہیں ہم بیان کرتے ہیں آپ پر

ع 12 6 2

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

ضُحًى	: شمس الضحیٰ، صلوٰۃ الضحیٰ (دن چڑھنے کے بعد)۔	نَشَآءُ	: ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
يَلْعَبُوْنَ	: لہو ولعب۔	نَطْبَعُ	: طبع، طباعت، مطبوع، مطبوعات۔
مَكْرَ	: مکر و فریب، مکار۔	عَلٰى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
الْخٰسِرُوْنَ	: خسارہ، خائب و خاسر۔	قُلُوْبِهِمْ	: قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب و اذہان۔
يَهْدِ	: ہدایت، ہادی برحق۔	يَسْمَعُوْنَ	: سمع و بصر، آلۂ سماعت، محفل سماع، سامع۔
يَرِثُوْنَ	: وارث، وراثت، ورثاء۔	الْقُرٰى	: قریہ قریہ بستی بستی، ام القریٰ۔
مِنْ	: منجانب، من و عن، من حیث القوم۔	نَقُصُّ	: قصہ، قصہ گوئی، قصص القرآن۔
اَهْلِهَآ	: اہل و عیال، اہل خانہ، اہلِ بیت۔	عَلَيْكَ	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔

اَنۡ	يَّاۡتِيَهُمۡ ①	بَاۡسُنَا	ضُحًى	وَّ
کہ	آجائے اُن کے پاس	ہمارا عذاب	دن چڑھے	اس حال میں کہ

هُمۡ يَلۡعَبُوۡنَ ② (98)	اَفَاَمِنُوۡا ③	مَكۡرَ اللّٰهِ ۚ	فَلَا	يَاۡمَنُ ①
وہ سب کھیل رہے ہوں	تو کیا وہ سب نڈر ہو گئے ہیں	اللہ کی تدبیر سے	تو نہیں	نڈر ہوتے

ع 12 6 2

مَكۡرَ اللّٰهِ	اِلَّا	الۡقَوۡمُ ④	الۡخٰسِرُوۡنَ (99) ع	اَوَ ③
اللہ کی تدبیر سے	مگر	وہ لوگ	(جو) سب خسارہ پانے والے ہیں	اور کیا

لَمۡ يَهۡدِ ①	لِلَّذِيۡنَ	يَرِثُوۡنَ ①	الۡاَرۡضَ	مِنۡۢ بَعۡدِ ⑤
نہیں رہنمائی کی	(اُن لوگوں) کی جو	وارث بنتے ہیں	زمین کے	(ہلاکت کے) بعد

اَهۡلِهَاۤ	اَنۡ	لَّوۡ	نَشَآءُ	اَصَبۡنٰهُمۡ
اُسکے رہنے والوں کی	(اس بات نے) کہ	اگر	ہم چاہیں	(تو) ہم سزا دیں اُنہیں

بِذُنُوۡبِهِمۡ ۚ	وَنَطۡبَعُ	عَلٰى قُلُوۡبِهِمۡ	فَهُمۡ لَا يَسۡمَعُوۡنَ ② (100)
اُن کے گناہوں کی	اور ہم مہر لگا دیں	اُن کے دلوں پر	تو نہ وہ سب سنیں

تِلۡكَ ⑥	الۡقُرٰى	نَقُصُّ	عَلَيۡكَ
یہ	بستیاں ہیں	ہم بیان کرتے ہیں	آپ پر

ضروری وضاحت

① یہاں علامت یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔② هُمۡ اور یَ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔③ جب بھی أ کے بعد وَ یا فَ ہوتو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔④ قَوۡمُ میں چونکہ بہت سے افراد شامل ہوتے ہیں اس لیے اس کا ترجمہ لوگوں کیا گیا ہے۔⑤ اگر لفظ بَعۡدِ سے پہلے مِنۡ ہوتو اس کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔⑥ تِلۡكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے قرآن مجید میں ذٰلِكَ، تِلۡكَ، اُولٰٓئِكَ کا استعمال بہت زیادہ ہوا ہے اوران تینوں کا ترجمہ وہ ہوتا ہے لیکن ضرورتاً یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔

مِنْ اَنْۢبَآىِٕهَا ۚ وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ	ان کی خبروں سے،اور البتہ تحقیق آئے ان کے پاس
رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۚ	اُن کے رسول واضح دلائل کے ساتھ
فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا	پس نہ ہوئے (اس لائق) کہ وہ ایمان لاتے
بِمَا كَذَّبُوْا مِنْ قَبْلُ ؕ	(اُس) پر جس کو وہ جھٹلا چکے تھے اس سے پہلے
كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ	اسی طرح مہر لگا دیتا ہے اللہ
عَلٰى قُلُوْبِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿101﴾	کافروں کے دلوں پر۔ ﴿101﴾
وَمَا وَجَدْنَا لِاَكْثَرِهِمْ مِّنْ عَهْدٍ ۚ	اور نہیں ہم نے پایا ان کے اکثر کے لیے کوئی عہد
وَاِنْ وَّجَدْنَآ اَكْثَرَهُمْ لَفٰسِقِيْنَ ﴿102﴾	اور بیشک ہم نے پایا ان میں سے اکثر کو یقیناً فاسق ﴿102﴾
ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى	پھر ہم نے بھیجا ان کے بعد موسیٰ کو
بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَ مَلَا۠ىِٕهٖ	اپنی آیات کے ساتھ فرعون اور اسکے سرداروں کی طرف
فَظَلَمُوْا بِهَا ۚ فَانْظُرْ	تو اُنہوں نے ظلم کیا اُن کے ساتھ، پھر دیکھ
كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿103﴾	کیسے ہوا انجام فساد کرنے والوں کا۔ ﴿103﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَنْۢبَآىِٕهَا : نبی، نبوت، انبیاء۔
بِالْبَيِّنٰتِ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
لِيُؤْمِنُوْا : امن، ایمان، مومن۔
بِمَا : ماحول، ماتحت، ماجرا۔
كَذَّبُوْا : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔
كَذٰلِكَ : کماحقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔
يَطْبَعُ : طبع، طباعت، مطبوع، مطبوعات۔
قُلُوْبِ : قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔

وَجَدْنَا : وجود، موجود، ایجاد۔
عَهْدٍ : عہد، ایفائے عہد، نقض عہد۔
بَعَثْنَا : بعث بعد الموت، بعثت، مبعوث۔
اِلٰى : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
فَظَلَمُوْا : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
فَانْظُرْ : نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر، تناظر۔
كَيْفَ : کیفیت، بہر کیف، کوائف۔
عَاقِبَةُ : عاقبت نااندیش، عقوبت خانہ۔

مِنْ اَنْۢبَآىِٕهَا ۚ①	وَلَقَدْ	جَآءَتْهُمْ②	رُسُلُهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ ۚ③
ان کی خبریں	اور البتہ تحقیق	آئے ان کے پاس	اُن کے رسول	واضح دلائل کے ساتھ

فَمَا	كَانُوْا	لِيُؤْمِنُوْا	بِمَا	كَذَّبُوْا
پس نہ	ہوئے وہ سب	کہ وہ سب ایمان لاتے	(اس) پر جسے	وہ سب جھٹلا چکے تھے

مِنْ قَبْلُ ؕ	كَذٰلِكَ	يَطْبَعُ اللّٰهُ④	عَلٰى قُلُوْبِ الْكٰفِرِيْنَ (101)	وَمَا
اس سے پہلے	اسی طرح	مہر لگا دیتا ہے اللہ	سب کافروں کے دلوں پر	اور نہیں

وَجَدْنَا⑤	لِاَكْثَرِهِمْ	مِّنْ عَهْدٍ ۚ①⑥	وَاِنْ⑦	وَّجَدْنَآ⑤
ہم نے پایا	ان کے اکثر کے لیے	کوئی عہد	اور بیشک	ہم نے پایا

اَكْثَرَهُمْ	لَفٰسِقِيْنَ (102)	ثُمَّ بَعَثْنَا⑤	مِنْۢ بَعْدِهِمْ①	مُّوْسٰى
ان میں سے اکثر کو	یقیناً سب فاسق	پھر ہم نے بھیجا	ان کے بعد	موسیٰ کو

بِاٰيٰتِنَآ	اِلٰى فِرْعَوْنَ	وَمَلَا۟ئِهٖ	فَظَلَمُوْا
اپنی آیات کے ساتھ	فرعون کی طرف	اور اسکے سرداروں (کی طرف)	تو ان سب نے ظلم کیا

بِهَا ۚ	فَانْظُرْ	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ⑧	الْمُفْسِدِيْنَ⑨ (103)
اُن کے ساتھ	پھر دیکھ	کیسے	ہوا	انجام	سب فساد کرنے والوں کا

ضروری وضاحت

① یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ② تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ③ ات جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ④ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑤ نَا سے پہلے اگر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ اِنْ دراصل اِنَّ تھا تخفیف کے لیے یہ اِنْ استعمال ہوا ہے۔ ⑧ ۃ مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑨ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

وَقَالَ مُوْسٰى يٰفِرْعَوْنُ اِنِّىْ رَسُوْلٌ — اور موسیٰ نے کہا اے فرعون! بیشک میں رسول ہوں

مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿104﴾ — تمام جہانوں کے رب کی طرف سے۔﴿104﴾

حَقِيْقٌ عَلٰٓى اَنْ لَّآ اَقُوْلَ عَلَى اللّٰهِ — (میں) قائم ہوں اس پر کہ نہیں میں کہتا اللہ پر

اِلَّا الْحَقَّ ۭ قَدْ جِئْتُكُمْ بِبَيِّنَةٍ — مگر حق، یقیناً میں لایا ہوں تمہارے پاس واضح دلیل

مِّنْ رَّبِّكُمْ — تمہارے رب کی طرف سے

فَاَرْسِلْ مَعِىَ بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۭ﴿105﴾ — چنانچہ تو بھیج میرے ساتھ بنی اسرائیل کو۔﴿105﴾

قَالَ اِنْ كُنْتَ جِئْتَ بِاٰيَةٍ فَاْتِ بِهَآ — اس نے کہا، اگر ہے تو لایا کوئی نشانی تو لے آ اُسے،

اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿106﴾ — اگر تو ہے سچوں میں سے۔﴿106﴾

فَاَلْقٰى عَصَاهُ — تو ڈال دیا اُس نے اپنی لاٹھی کو

فَاِذَا هِىَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ښ﴿107﴾ — تو اچانک وہ واضح اژدھا تھی۔﴿107﴾

وَّنَزَعَ يَدَهٗ — اور نکالا اپنا ہاتھ

فَاِذَا هِىَ بَيْضَاۗءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ؑ﴿108﴾ — تو اچانک وہ سفید تھا دیکھنے والوں کے لیے۔ ع﴿108﴾ ع 13 9 3

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِّنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
الْعٰلَمِيْنَ : الہ العالمین، رحمۃ للعلمین، اقوام عالم۔
عَلٰٓى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
اِلَّا : اِلا ماشاءاللہ، اِلاقلیل، اِلا یہ کہ۔
بِبَيِّنَةٍ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
فَاَرْسِلْ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
مَعِىَ : مع اہل وعیال، معیت، مع دوست احباب۔
بَنِىْٓ : ابنائے جامعہ، عیسیٰ ابن مریم، ابن عمر۔
الصّٰدِقِيْنَ : صداقت، صدقِ دل، صادق وامین۔
فَاَلْقٰى : القاء۔
عَصَاهُ : عصائے موسیٰؑ عصاء بردار۔
مُّبِيْنٌ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
نَزَعَ : نزع، وقت نزع۔
يَدَهٗ : ید بیضاء، یدطولیٰ، رفع الیدین۔
بَيْضَاۗءُ : ید بیضا، ابیض، بیضوی شکل۔
لِلنّٰظِرِيْنَ : الحمدللہ، لہٰذا/ نظر، نظارہ، منظر، مناظر۔

وَ	قَالَ	مُوْسٰى	يٰفِرْعَوْنُ	اِنِّيْ	رَسُوْلٌ
اور	کہا	موسیٰ نے	اے فرعون!	بیشک میں	رسول ہوں

مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿104﴾ لا	حَقِيْقٌ ①	عَلٰٓى اَنْ ②	لَّآ اَقُوْلَ	عَلَى اللّٰهِ
تمام جہانوں کے رب کی طرف سے	(میں) قائم ہوں	(اس) پر کہ	نہیں میں کہتا	اللہ پر

اِلَّا الْحَقَّ ط	قَدْ ③	جِئْتُكُمْ	بِبَيِّنَةٍ ④⑤	مِّنْ رَّبِّكُمْ
مگر حق	یقیناً	میں لایا ہوں تمہارے پاس	واضح دلیل	تمہارے رب کی طرف سے

فَاَرْسِلْ	مَعِيَ	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿105﴾ ط	قَالَ	اِنْ ②	كُنْتَ
چنانچہ تو بھیج	میرے ساتھ	بنی اسرائیل کو	اس (فرعون) نے کہا	اگر	ہے تو

جِئْتَ	بِاٰيَةٍ ④⑤⑥	فَاْتِ	بِهَآ	اِنْ ②	كُنْتَ	مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿106﴾
تو لایا	کوئی نشانی	تو لے آ	اُسے	اگر	ہے تو	سچوں میں سے

فَاَلْقٰى	عَصَاهُ	فَاِذَا ⑦	هِيَ	ثُعْبَانٌ	مُّبِيْنٌ ﴿107﴾ صلے
تو ڈال دیا اُس نے	اپنی لاٹھی کو	تو اچانک	تھی وہ	اژدھا	واضح

ع 13 9 3

وَّنَزَعَ	يَدَهٗ	فَاِذَا ⑦	هِيَ	بَيْضَآءُ	لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿108﴾ ع
اور اس نے نکالا	اپنا ہاتھ	تو اچانک	وہ	سفید تھا	دیکھنے والوں کے لیے

ضروری وضاحت

①یہ اصل میں اِنِّيْ حَقِيْقٌ ہے جیسا کہ اس سے پہلے اِنِّيْ رَسُوْلٌ ہے۔② علامت اَنْ کا ترجمہ کہ اور اِنْ کا ترجمہ اگر ہوتا ہے۔③ قَدْ فعل کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔④ یہاں علامت بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑤ ة اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔⑦ اِذَا کا ترجمہ کبھی جب اور کبھی اچانک ہوتا ہے۔

قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ	کہا سرداروں نے فرعون کی قوم میں سے
اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ﴿109﴾	بے شک یہ یقیناً جادوگر ہے بڑا دانا۔ ﴿109﴾
يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ ۚ	وہ چاہتا ہے کہ نکال دے تمہیں تمہاری زمین سے
فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ﴿110﴾	تو کیا تم حکم (مشورہ) دیتے ہو۔ ﴿110﴾
قَالُوْٓا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ	وہ کہنے لگے مہلت دے دو اُسے اور اُس کے بھائی کو
وَاَرْسِلْ فِي الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿111﴾	اور تو بھیج شہروں میں اکٹھے کرنے والے۔ ﴿111﴾
يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ﴿112﴾	وہ لے آئیں تیرے پاس ہر دانا جادوگر کو۔ ﴿112﴾
وَجَآءَ السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ	اور آئے جادوگر فرعون کے پاس
قَالُوْٓا اِنَّ لَنَا لَاَجْرًا	وہ کہنے لگے بیشک ہمارے لیے یقیناً کوئی انعام ہوگا
اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿113﴾	اگر ہوئے ہم ہی غالب۔ ﴿113﴾
قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ	اس نے کہا، ہاں اور یقیناً تم
لَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿114﴾	ضرور مقرب لوگوں میں سے ہوگے۔ ﴿114﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
مِنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
هٰذَا : حامل رقعہ ہذا، لہٰذا، ہذا من فضل ربی۔
لَسٰحِرٌ : سحر، ساحر، سحر بیانی، مسحور کن آواز۔
عَلِيْمٌ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
يُّرِيْدُ : ارادہ، مرید، مراد۔
يُّخْرِجَكُمْ : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
اَرْضِكُمْ : ارض وسماء، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔

تَاْمُرُوْنَ : امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔
اَخَاهُ : اخوت، مؤاخات، اخوان المسلمین۔
اَرْسِلْ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
فِي : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔
الْمَدَآئِنِ : مدینہ طیبہ، مدینۃ الرسول، مدینۃ النبی۔
حٰشِرِيْنَ : حشر، روزِ محشر، حشر ونشر۔
الْغٰلِبِيْنَ : غالب، غلبہ، مغلوب، ظن غالب۔
الْمُقَرَّبِيْنَ : قرب، قریب، مقرب، قرابت۔

قَالَ	الْمَلَاُ ①	مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ	اِنَّ ②	هٰذَا	لَسٰحِرٌ
کہا	سرداروں نے	فرعون کی قوم میں سے	بیشک	یہ	یقیناً جادوگر ہے

عَلِيْمٌ ﴿109﴾ لا	يُّرِيْدُ	اَنْ	يُّخْرِجَكُمْ	مِّنْ اَرْضِكُمْ ج
بہت علم والا	وہ چاہتا ہے	کہ	وہ نکال دے تمہیں	تمہاری زمین سے

فَمَاذَا	تَاْمُرُوْنَ ﴿110﴾	قَالُوْٓا	اَرْجِهْ ③	وَ	اَخَاهُ
تو کیا	تم سب حکم دیتے ہو	وہ سب کہنے لگے	مہلت دے دو اُسے	اور	اُسکے بھائی کو

وَاَرْسِلْ ④	فِي الْمَدَآئِنِ	حٰشِرِيْنَ ⑤ ﴿111﴾ لا	يَاْتُوْكَ
اور تو بھیج	شہروں میں	سب اکٹھے کرنے والے	وہ سب لے آئیں تیرے پاس

بِكُلِّ سٰحِرٍ	عَلِيْمٍ ﴿112﴾	وَ	جَآءَ	السَّحَرَةُ ⑥	فِرْعَوْنَ
ہر جادوگر کو	بہت علم والے	اور	آئے	جادوگر	فرعون (کے پاس)

قَالُوْٓا	اِنَّ	لَنَا	لَاَجْرًا	اِنْ	كُنَّا نَحْنُ ⑦
وہ سب کہنے لگے	بیشک	ہمارے لیے	یقیناً کوئی انعام ہوگا	اگر	ہوئے ہم

الْغٰلِبِيْنَ ﴿113﴾	قَالَ	نَعَمْ	وَ اِنَّكُمْ	لَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ⑧ ﴿114﴾
سب غالب	اس نے کہا	ہاں!	اور یقیناً تم	ضرور مقرب لوگوں میں سے ہوگے

ضروری وضاحت

① فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔② اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔
③ اَرْجِهْ دراصل اَرْجِه تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے جزم گری ہوئی ہے۔④ فعل کے شروع میں اَ اور آخر میں سکون ہو تو اس
فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔⑤ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ اَلسَّحَرَةُ
میں ۃ جمع کے لیے ہے۔⑦ علامت نَا اور نَحْنُ دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم کیا گیا ہے۔⑧ یہاں يْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

قَالُوْا يٰمُوْسٰى اِمَّاۤ اَنْ تُلْقِيَ	اُنہوں نے کہا اے موسیٰ! یا یہ کہ تو ڈالے
وَ اِمَّاۤ اَنْ نَّكُوْنَ نَحْنُ الْمُلْقِيْنَ ﴿115﴾	اور یا یہ کہ ہوں ہم (پہلے) ڈالنے والے۔ ﴿115﴾
قَالَ اَلْقُوْا ۚ فَلَمَّاۤ اَلْقَوْا	اس نے کہا تم ڈالو، پھر جب اُنہوں نے ڈال دیں (لاٹھیاں)
سَحَرُوْۤا اَعْيُنَ النَّاسِ	(تو) اُنہوں نے جادو کر دیا لوگوں کی آنکھوں پر
وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ ﴿116﴾	اور ڈرا دیا اُنہیں اور لائے بہت بڑا جادو۔ ﴿116﴾
وَاَوْحَيْنَاۤ اِلٰى مُوْسٰۤى	اور ہم نے وحی کی موسیٰ کی طرف
اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا	یہ کہ (تو) بھی ڈال دے اپنی لاٹھی تو اچانک
هِيَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿117﴾ ج	وہ نگلنے لگی جو وہ جھوٹ موٹ بنا رہے تھے۔ ﴿117﴾
فَوَقَعَ الْحَقُّ وَ بَطَلَ	پس حق ثابت ہو گیا اور باطل ہو گیا
مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿118﴾ ج	جو کچھ وہ کر رہے تھے۔ ﴿118﴾
فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ	تو وہ مغلوب ہو گئے وہاں
وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ﴿119﴾ ج	اور لوٹے ذلیل ہو کر۔ ﴿119﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ، اقوالِ زریں۔
تُلْقِيَ، الْمُلْقِيْنَ : القاء۔
سَحَرُوْۤا : سحر، ساحر، سحر بیانی، مسحور کن آواز۔
اَعْيُنَ : عینی شاہد، معاینہ، عین سامنے۔
النَّاسِ : عوام الناس، عامۃ الناس۔
عَظِيْمٍ : عظیم، عظمت، معظم، تعظیم۔
اَوْحَيْنَاۤ : وحی، وحی متلو، وحی الٰہی۔
اِلٰى : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔

عَصَاكَ : عصائے موسیٰؑ، عصاء بردار۔
مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔
فَوَقَعَ : واقع، وقوع پذیر، وقائع نگار، وقوعہ۔
الْحَقُّ : حق و باطل، حقیقت، حق گوئی، حقوق۔
بَطَلَ : حق و باطل، ادیان باطلہ، زَعم باطل۔
يَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔
فَغُلِبُوْا : غالب، غلبہ، مغلوب، ظن غالب۔
انْقَلَبُوْا : انقلاب، انقلابی اقدام۔

قَالُوْا	يٰمُوْسٰٓى	اِمَّآ ①	اَنْ	تُلْقِيَ	وَاِمَّآ ①	اَنْ
اُن سب نے کہا	اے موسیٰؑ!	یا	یہ کہ	تو ڈالے	اور یا	یہ کہ

نَّكُوْنَ نَحْنُ ②	الْمُلْقِيْنَ (115)	قَالَ	اَلْقُوْا ③ ج	فَلَمَّآ
ہم ہوں	سب (پہلے) ڈالنے والے	اس نے کہا	تم سب ڈالو	پھر جب

اَلْقَوْا ③	سَحَرُوْٓا	اَعْيُنَ النَّاسِ	وَ
اُن سب نے ڈال دیں (لاٹھیاں)	اُنہوں نے جادو کر دیا	لوگوں کی آنکھوں پر	اور

اسْتَرْهَبُوْهُمْ ④	وَجَآءُوْ ⑤	بِسِحْرٍ	عَظِيْمٍ ⑥ (116)	وَ	اَوْحَيْنَآ
سب نے ڈرانا چاہا اُنہیں	اور وہ سب لائے	جادو	بہت بڑا	اور	ہم نے وحی کی

اِلٰى مُوْسٰٓى	اَنْ	اَلْقِ	عَصَاكَ ج	فَاِذَا	هِيَ	تَلْقَفُ ⑦
موسیٰؑ کی طرف	یہ کہ	تو ڈال دے	اپنی لاٹھی	تو اچانک	وہ	نگلنے لگی

مَا	يَاْفِكُوْنَ (117) ج	فَوَقَعَ	الْحَقُّ	وَبَطَلَ	مَا
جو	وہ سب جھوٹ موٹ بنا رہے تھے	پس ثابت ہو گیا	حق	اور باطل ہو گیا	جو

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ⑧ (118) ج	فَغُلِبُوْا	هُنَالِكَ	وَانْقَلَبُوْا	صٰغِرِيْنَ (119) ج
تھے وہ سب کر رہے	تو وہ سب مغلوب ہو گئے	وہاں	اور وہ سب لوٹے	سب ذلیل ہو کر

ضروری وضاحت

①اِمَّا کا ترجمہ کبھی اگر بھی ہوتا ہے۔②علامت نَ اور نَحْنُ دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم کیا گیا ہے۔③اَلْقُوْا میں حکم کا مفہوم ہے اور اَلْقَوْا میں گزرے ہوئے زمانے میں کام کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔④اِسْتَ میں طلب وچاہت کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤جَآءُوْ کا اصل ترجمہ آئے ہے اگر اس کے بعد لفظ بِ ہو تو ترجمہ لائے ہوتا ہے۔⑥اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦تَ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔⑧یہاں وْا اور وْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔

وَ اُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿120﴾ صلے	اور گرا دیے گئے جادوگر سجدے کی حالت میں۔ ﴿120﴾
قَالُوْٓا اٰمَنَّا	اُنہوں نے کہا ہم ایمان لائے
بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿121﴾ لا	تمام جہانوں کے رب پر۔ ﴿121﴾
رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿122﴾	موسیٰ اور ہارون کے رب پر۔ ﴿122﴾
قَالَ فِرْعَوْنُ اٰمَنْتُمْ بِهٖ	کہا فرعون نے (کیا) تم ایمان لے آئے ہو اس پر
قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ	(اس سے) پہلے کہ میں اجازت دیتا تمہیں
اِنَّ هٰذَا لَمَكْرٌ مَّكَرْتُمُوْهُ	بیشک یہ یقیناً ایک چال ہے (جو کہ) تم نے چلی ہے وہ
فِي الْمَدِيْنَةِ لِتُخْرِجُوْا مِنْهَآ	شہر میں تا کہ تم نکال دو اس (شہر) سے
اَهْلَهَا ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿123﴾	اُسکے رہنے والوں کو تو عنقریب تم جان لو گے۔ ﴿123﴾
لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ	ضرور میں بُری طرح کاٹ دوں گا تمہارے ہاتھ
وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ	اور تمہارے پاؤں مخالف سمت سے
ثُمَّ لَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿124﴾	پھر البتہ ضرور میں سولی پر چڑھاؤں گا تم سب کو۔ ﴿124﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اُلْقِيَ : القاء۔
السَّحَرَةُ : سحر، ساحر، سحر بیانی، مسحور کن آواز۔
سٰجِدِيْنَ : سجدہ، مسجود ملائکہ، ساجد۔
اٰمَنَّا، اٰمَنْتُمْ : امن، ایمان، مومن۔
الْعٰلَمِيْنَ : عالم اسلام، عالم عقبیٰ، عالم برزخ۔
اٰذَنَ : اذن عام، باذن اللہ، اذن الٰہی۔
هٰذَا : لہٰذا، مسجد ہذا، حاملِ رقعہ ہذا۔
لَمَكْرٌ، مَّكَرْتُمُوْهُ : مکر وفریب، مکار۔

لِتُخْرِجُوْا : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
اَهْلَهَا : اہل وعیال، اہل خانہ، اہلِ بیت۔
تَعْلَمُوْنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
لَاُقَطِّعَنَّ : قطع تعلقی، قطع رحمی، قاطع، مقطوع۔
اَيْدِيَكُمْ : ید بیضاء، ید طولیٰ، رفع الیدین۔
خِلَافٍ : خلاف، مخالف، اختلاف، مختلف۔
لَاُصَلِّبَنَّكُمْ : صلیب، مصلوب، صلیبی جنگیں۔
اَجْمَعِيْنَ : جمع، جمیع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔

وَ اُلْقِيَ①	السَّحَرَةُ②	سٰجِدِيْنَ ﴿120﴾ ج	قَالُوْٓا	اٰمَنَّا
اور گرادیے گئے	جادوگر	سب سجدے کی حالت میں	ان سب نے کہا	ہم ایمان لائے

بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿121﴾ لا	رَبِّ مُوْسٰى	وَ	هٰرُوْنَ ﴿122﴾	قَالَ
تمام جہانوں کے رب پر	موسیٰ کے رب (پر)	اور	ہارون کے (رب پر)	کہا

فِرْعَوْنُ	اٰمَنْتُمْ	بِهٖ	قَبْلَ	اَنْ	اٰذَنَ③
فرعون نے	(کیا) تم ایمان لے آئے ہو	اس پر	(اس سے) پہلے	کہ	میں اجازت دیتا

لَكُمْ④ ج	اِنَّ	هٰذَا	لَمَكْرٌ	مَّكَرْتُمُوْهُ⑤
تمہیں	بیشک	یہ	یقیناً ایک چال ہے	(جو کہ) تم سب نے چلی ہے وہ

فِي الْمَدِيْنَةِ	لِتُخْرِجُوْا	مِنْهَآ	اَهْلَهَا ج	فَسَوْفَ
شہر میں	تاکہ تم سب نکال دو	اس (شہر) سے	اُس کے رہنے والوں کو	تو عنقریب

تَعْلَمُوْنَ ﴿123﴾	لَاُقَطِّعَنَّ⑥	اَيْدِيَكُمْ	وَ	اَرْجُلَكُمْ
تم سب جان لوگے	یقیناً ضرور میں کاٹ دوں گا	تمہارے ہاتھ	اور	تمہارے پاؤں

مِّنْ خِلَافٍ	ثُمَّ	لَاُصَلِّبَنَّكُمْ⑥	اَجْمَعِيْنَ⑦ ﴿124﴾
مخالف سمت سے	پھر	یقیناً ضرور میں سولی پر چڑھاؤں گا تمہیں	سب کو

ضروری وضاحت

①اگر شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا یا دیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔②اَلسَّحَرَةُ میں ة واحد مؤنث نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔③اٰذَنَ دراصل ءَ اٰذَنَ تھا دوسرے ہمزے کو الف سے بدل کر کھڑی زبر دی گئی ہے۔④یہاں لَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑤تُمْ کے بعد کوئی اور علامت لگانی ہو تو تُمْ اور اس علامت کے درمیان وْ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔
⑥لَ اور نّ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔⑦اَجْمَعِيْنَ کا ترجمہ سب ہے اس لیے يْنَ کا الگ ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں۔

قَالُوْٓا اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا	اُنہوں نے کہا: یقیناً ہم اپنے رب کی طرف
مُنْقَلِبُوْنَ ﴿125﴾	لوٹنے والے ہیں۔ ﴿125﴾
وَمَا تَنْقِمُ مِنَّآ	اور نہیں تو بدلہ لے رہا ہم سے
اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا	مگر (صرف اس کا) کہ ہم ایمان لائے ہیں
بِاٰيٰتِ رَبِّنَا لَمَّا جَآءَتْنَا ؕ	اپنے رب کی آیات پر، جب وہ آئی ہیں ہمارے پاس
رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا	اے ہمارے رب! تو ڈال ہم پر صبر
وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ﴿126﴾ ع	اور فوت کر ہمیں اس حال میں کہ فرمانبردار ہوں۔ ﴿126﴾ ع
وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ	اور کہا: سرداروں نے فرعون کی قوم میں سے
اَتَذَرُ مُوْسٰى وَقَوْمَهٗ	کیا تو چھوڑے رکھے گا موسیٰ علیہ السلام اور اُس کی قوم کو
لِيُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ	تا کہ وہ فساد پھیلائیں زمین میں
وَيَذَرَكَ وَاٰلِهَتَكَ ؕ	اور وہ چھوڑ دے تجھے اور تیرے معبودوں کو
قَالَ سَنُقَتِّلُ اَبْنَآءَهُمْ	اس نے کہا عنقریب ہم قتل کر دیں گے اُنکے بیٹوں کو

ع 14 18 4

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَالُوْٓا	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	عَلَيْنَا	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
اِلٰى	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	تَوَفَّنَا	فوت، وفات، فوتگی۔
مُنْقَلِبُوْنَ	انقلاب، انقلابی اقدام۔	لِيُفْسِدُوْا	فساد، مفسد، فسادی لوگ۔
تَنْقِمُ	انتقام، انتقامی کاروائی۔	فِى	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔
مِنَّآ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	الْاَرْضِ	ارض وسماء، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔
اِلَّآ	اِلا ماشاءاللہ، اِلا قلیل، اِلا یہ کہ۔	اٰلِهَتَكَ	الٰہ العالمین، الوہیت، رضائے الٰہی۔
اٰمَنَّا	امن، ایمان، مومن۔	سَنُقَتِّلُ	قتل، قاتل، مقتول، قتال۔
بِاٰيٰتِ	آیت، آیات قرآنی۔	اَبْنَآءَهُمْ	ابنائے جامعہ، عیسیٰ ابن مریم، ابن عمر۔

قَالُوْٓا	اِنَّآ ①	اِلٰى رَبِّنَا	مُنْقَلِبُوْنَ ② ج (125)
ان سب نے کہا	یقیناً ہم	اپنے رب کی طرف	سب لوٹنے والے ہیں

وَ مَا	تَنْقِمُ	مِنَّآ ③	اِلَّآ	اَنْ	اٰمَنَّا
اور نہیں	تو بدلہ لے رہا	ہم سے	مگر	یہ کہ	ہم ایمان لائے ہیں

بِاٰيٰتِ رَبِّنَا	لَمَّا	جَآءَتْنَا ④ ط	رَبَّنَآ ⑤	اَفْرِغْ ⑥
اپنے رب کی آیات پر	جب	وہ آئی ہیں ہمارے پاس	(اے) ہمارے رب!	توڈال

ع 14 18 4

عَلَيْنَا	صَبْرًا	وَّ	تَوَفَّنَا ⑦	مُسْلِمِيْنَ ع (126)
ہم پر	صبر	اور	توفوت کر ہمیں	(اس حال میں کہ) سب فرمانبردار ہوں

وَقَالَ	الْمَلَاُ	مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ	اَ	تَذَرُ	مُوْسٰى
اور کہا	سرداروں نے	فرعون کی قوم سے	کیا	تو چھوڑے رکھے گا	موسیٰ کو

وَ قَوْمَهٗ	لِيُفْسِدُوْا	فِي الْاَرْضِ	وَ	يَذَرَكَ
اور اس کی قوم کو	تاکہ وہ سب فساد پھیلائیں	زمین میں	اور	وہ چھوڑ دے تجھے

وَ	اٰلِهَتَكَ ط	قَالَ	سَنُقَتِّلُ	اَبْنَآءَهُمْ
اور	تیرے معبودوں کو	اس نے کہا	عنقریب ہم قتل کر دینگے	اُنکے بیٹوں کو

ضروری وضاحت

①اِنَّآ دراصل اِنَّ+نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔② شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔③مِنَّآ دراصل مِنْ+نَا کا مجموعہ ہے۔④تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑤یہ دراصل یَا رَبَّنَا تھا، شروع سے یَا تخفیف کے لیے گرا ہوا ہے، اسی کا ترجمہ اے کیا گیا ہے۔⑥فعل کے شروع میں اَ اور آخر میں سکون ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔⑦ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

وَنَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ ۚ	اور ہم زندہ رہنے دیں گے اُن کی عورتوں (بیٹیوں) کو
وَاِنَّا فَوْقَهُمْ قٰهِرُوْنَ ﴿127﴾	اور بے شک ہم اُن پر غالب ہیں۔ ﴿127﴾
قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ	کہا: موسیٰ نے اپنی قوم سے
اسْتَعِيْنُوْا بِاللّٰهِ وَاصْبِرُوْا ۚ	تم مدد طلب کرو اللہ سے اور صبر کرو
اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ ۙ قف	بے شک زمین تو اللہ کی ہے
يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَآءُ	وہ وارث بناتا ہے اس کا جس کو چاہتا ہے
مِنْ عِبَادِهٖ ۗ	اپنے بندوں میں سے
وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿128﴾	اور (اچھا) انجام (تو) متقی لوگوں کے لیے ہے۔ ﴿128﴾
قَالُوْٓا اُوْذِيْنَا	اُنہوں نے کہا ہمیں تکلیف دی گئی ہے
مِنْ قَبْلِ اَنْ تَاْتِيَنَا	اس سے پہلے کہ آپ آتے ہمارے پاس
وَمِنْ بَعْدِ مَا جِئْتَنَا ۗ	اور اس کے بعد کہ آپ آئے ہمارے پاس
قَالَ عَسٰى رَبُّكُمْ	اس نے کہا اُمید ہے کہ تمہارا رب

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	: لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	الْاَرْضَ	: ارض وسماء، قطعہ اُراضی، ارض مقدس۔
نَسْتَحْيٖ	: حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔	يُوْرِثُهَا	: وارث، وراثت، ورثاء۔
نِسَآءَهُمْ	: تربیت نسواں، نسوانیت، حقوق نسواں۔	يَّشَآءُ	: ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
فَوْقَهُمْ	: فوق، فوقیت، مافوق الفطرت۔	عِبَادِهٖ	: عبد، عابد، معبود، عبادت۔
قٰهِرُوْنَ	: قہرالٰہی، عبدالقہار۔	الْعَاقِبَةُ	: عاقبت نااندیش، عقوبت خانہ۔
قَالَ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	لِلْمُتَّقِيْنَ	: تقویٰ، متقی۔
اسْتَعِيْنُوْا	: اعانت، استعانت، تعاون۔	اُوْذِيْنَا	: اذیت، اذیتیں، ایذارسانی، موذی۔
اصْبِرُوْا	: صبر جمیل، صبر وتحمل، صابر۔	قَبْلِ	: قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔

وَ	نَسْتَحْيٖ	نِسَآءَهُمْ ج	وَ	اِنَّا ①	فَوْقَهُمْ
اور	ہم زندہ رہنے دیں گے	اُن کی عورتوں (بیٹیوں) کو	اور	بیشک ہم	اُن کے اُوپر

قٰهِرُوْنَ ﴿127﴾	قَالَ	مُوْسٰى	لِقَوْمِهِ ②③	اسْتَعِيْنُوْا ④
سب غالب ہیں	کہا	موسیٰ نے	اپنی قوم سے	تم سب مدد طلب کرو

بِاللّٰهِ	وَ	اصْبِرُوْا ج	اِنَّ	الْاَرْضَ	لِلّٰهِ ② قلے
اللہ سے	اور	تم سب صبر کرو	بیشک	زمین	اللہ کی ہے

يُوْرِثُهَا	مَنْ	يَّشَآءُ	مِنْ عِبَادِهٖ ③ ط
وہ وارث بناتا ہے اس کا	جس کو	وہ چاہتا ہے	اپنے بندوں میں سے

وَالْعَاقِبَةُ ⑤	لِلْمُتَّقِيْنَ ② ﴿128﴾	قَالُوْٓا	اُوْذِيْنَا
اور (اچھا) انجام	سب متقی لوگوں کے لیے ہے	ان سب نے کہا	ہمیں تکلیف دی گئی ہے

مِنْ قَبْلِ	اَنْ	تَاْتِيَنَا	وَ	مِنْۢ بَعْدِ مَا ⑥⑦
(اس) سے پہلے	کہ	آپ آتے ہمارے پاس	اور	(اس کے) بعد (بھی) کہ

جِئْتَنَا ط	قَالَ	عَسٰى	رَبُّكُمْ
آپ آئے ہمارے پاس	اس نے کہا	اُمید ہے کہ	تمہارا رب

ضروری وضاحت

① اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔ ② لِ کا اصل ترجمہ کے لیے ہے اور کبھی کا، کی، کو اور کبھی سے کیا جاتا ہے۔ ③ ہٖ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ④ اِسْتَ میں طلب و چاہت کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑤ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑥ اگر لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ ہو تو اس کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ⑦ اگر لفظ بَعْدِ کے بعد مَا ہو تو اس کا ترجمہ کہ کیا جاتا ہے۔

اَنْ يُّهْلِكَ عَدُوَّكُمْ	یہ کہ ہلاک کر دے تمہارے دشمن کو
وَيَسْتَخْلِفَكُمْ فِى الْاَرْضِ	اور وہ جانشین بنا دے تمہیں زمین میں
فَيَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ع ﴿129﴾	پھر وہ دیکھے کیسے تم عمل کرتے ہو۔ ع ﴿129﴾
وَلَقَدْ اَخَذْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ	اور البتہ تحقیق ہم نے پکڑا آل فرعون کو
بِالسِّنِيْنَ وَنَقْصٍ مِّنَ الثَّمَرٰتِ	قحط سالیوں سے اور نقصان کر کے پھلوں سے
لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿130﴾	تا کہ وہ نصیحت پکڑیں۔ ﴿130﴾
فَاِذَا جَآءَتْهُمُ الْحَسَنَةُ	تو جب آئی اُن پر خوشحالی (تو)
قَالُوْا لَنَا هٰذِهٖ ج	کہتے ہیں: ہمارا (حق) ہے یہ
وَ اِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ	اور اگر پہنچتی اُنہیں کوئی تکلیف
يَّطَّيَّرُوْا بِمُوْسٰى	(تو) نحوست کا باعث ٹھہراتے ہیں موسیٰ کو
وَمَنْ مَّعَهٗ ط اَلَآ اِنَّمَا	اور (اُن کو) جو اُن کے ساتھ ہیں خبردار در حقیقت
طٰٓئِرُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ	اُن کی نحوست (تو) اللہ کے پاس ہے

ع 15 3 5

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُّهْلِكَ : ہلاک، ہلاکت، مہلک بیماریاں۔	نَقْصٍ : نقص، تنقیص، نقائص۔
عَدُوَّكُمْ : عدوّ، اعداء، عداوت۔	الثَّمَرٰتِ : ثمر، ثمرات۔
يَسْتَخْلِفَكُمْ : خلیفہ، خلافت، خلف۔	يَذَّكَّرُوْنَ : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
فَيَنْظُرَ : نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر، تناظر۔	الْحَسَنَةُ : حسن، احسان، محسن، احسن جزاء۔
كَيْفَ : کیفیت، بہر کیف، کوائف۔	هٰذِهٖ : حامل رقعہ ہذا، الہذا، ہذا من فضل ربی۔
تَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔	تُصِبْهُمْ : مصیبت، آلام و مصائب۔
اَخَذْنَآ : اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔	سَيِّئَةٌ : علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔
اٰلَ : آل و اولاد، آل رسول۔	عِنْدَ : عند الطلب، عند اللہ ماجور ہوں۔

ع 15 3 5

اَنْ	يُّهْلِكَ	عَدُوَّكُمْ ①	وَ	يَسْتَخْلِفَكُمْ ①	فِي الْاَرْضِ
یہ کہ	وہ ہلاک کردے	تمہارے دشمن کو	اور	وہ جانشین بنادے تمہیں	زمین میں

فَيَنْظُرَ ②	كَيْفَ	تَعْمَلُوْنَ ﴿129﴾ ع	وَ	لَقَدْ	اَخَذْنَآ
پھر وہ دیکھے	کیسے	تم سب عمل کرتے ہو	اور	البتہ تحقیق	ہم نے پکڑا

اٰلَ فِرْعَوْنَ	بِالسِّنِيْنَ ③	وَنَقْصٍ	مِّنَ الثَّمَرٰتِ ④
آل فرعون کو	قحط سالیوں سے	اور نقصان کرکے	پھلوں سے

لَعَلَّهُمْ	يَذَّكَّرُوْنَ ﴿130﴾	فَاِذَا	جَآءَتْهُمُ ④	الْحَسَنَةُ ④
تاکہ وہ	وہ سب نصیحت پکڑیں	تو جب	آئی اُن پر	خوشحالی (تو)

قَالُوْا	لَنَا هٰذِهٖ ج	وَاِنْ	تُصِبْهُمْ ④	سَيِّئَةٌ ④
سب کہتے ہیں	یہ ہمارا (حق ہے)	اور اگر	پہنچتی اُنہیں	کوئی تکلیف (تو)

يَّطَّيَّرُوْا	بِمُوْسٰى ③	وَ	مَنْ	مَّعَهٗ ط
وہ سب نحوست کا باعث ٹھہراتے ہیں	موسیٰ کو	اور	جو	اُس کے ساتھ ہیں

اَلَآ	اِنَّمَا ⑤	طٰٓئِرُهُمْ	عِنْدَ اللّٰهِ
خبردار	درحقیقت	اُن کی نحوست (تو)	اللہ کے پاس ہے

ضروری وضاحت

① علامت كُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمھارا، تمھاری، تمھارے اور اگر فعل کے آخر میں ہو تو تمھیں کیا جاتا ہے۔
② علامت فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو، پھر کیا جاتا ہے۔③ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔④ ات، تہ اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤ علامت اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں حصر کا مفہوم ہوتا ہے کہ بے شک یونہی ہے اس کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿131﴾	اور لیکن اُن کے اکثر نہیں جانتے۔ ﴿131﴾
وَقَالُوْا مَهْمَا تَاْتِنَا بِهٖ	اور انہوں نے کہا جو بھی تو لائے گا ہمارے پاس اُس کو
مِنْ اٰيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا ۙ	کوئی نشانی تا کہ تو جادو کرے ہم پر اُس کے ذریعے
فَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿132﴾	تو نہیں ہیں ہم آپ پر ایمان لانے والے۔ ﴿132﴾
